29/1/19

۱۳۸۱۹

۱۶/۵/۴۰

(1)

دار الافتاء
فتوی نمبر ۲۰۵/۸۸
مورخہ

From: Fazalhaq Deolaiswat [mailto:fazalhaqdeolaiswat@gmail.com]

Sent: Monday, January ۲۱, ۲۰۱۹ ۱۰:۴۰ PM

To: Darul ifta Darul uloom <daruliftadarululoom@gmail.com>

Subject: Re: اسلام علیکم ورحمتاللہ وبرکاتہ

جناب میں مغرب کی نماز کی وقت کے بارے معلوم کرناتھا کہ مغرب کا انتہائی آخر کب تک ہے۔ یعنی عیشاء کی آذان سے کم از کم کتے پہلے تک مغرب کی نماز ختم کرنی ہے۔ کینکہ عموما لوگ سمجھتے ہیں مغرب کی جماعت کے دس پندرہ منٹ بعد نماز قضا ہوگیا اور اب عیشا کے بعد پڑھے گے۔ کیا مغرب کا وقت عیشا کے آذان تک ہے کہ احتیاطا عیشا کی آذان سے پانچ دس منٹ پہلے مغرب کی نماز ختم کرے صحیح ہوگا۔ بوجہ حد درجہ مجبوری ورنہ اول وقت میں پڑھنا افضل ہے۔ جواب دے کر تسلی فرمایں

شکریہ۔ وسلام۔

(جواب منسلک ہے)

Scanned by CamScanner

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب حامدًا ومصليًا

واضح رہے کہ مغرب کی نماز کا آخری وقت نہ مغرب کی نماز کی جماعت کے ختم ہونے کے دس پندرہ منٹ بعد ختم ہوتا اور نہ اذانِ عشاء تک رہتا ہے، بلکہ سورج غروب ہو جانے کے بعد آسمان پر جو سرخی ہوتی ہے، اس سرخی کے بعد شمالاً جنوباً چوڑائی میں آسمان پر جو سفیدی پھیلتی ہے، اس سفیدی کے غائب ہو جانے پر ختم ہوتا ہے اور چونکہ ہر ایک کے لیے اس کا اندازہ لگانا بظاہر مشکل ہے، اس لیے مروّجہ اوقاتِ نماز کے نقشوں میں سے کسی قابلِ اعتماد اور مستند دار الافتاء کے نقشہ کو دیکھ لیا جائے کہ وہاں مغرب کا آخری وقت کیا لکھا ہوتا ہے اس کے مطابق عمل کر لیا جائے۔

الفتاوى الهندية – (١ / ٥١)

ووقت المغرب منه إلى غيبوبة الشـفق وهو الحمرة عندهما وبه يفتى. هكذا في شـرح الوقاية وعند أبي حنيفة الشـفق هو البياض الذي يلي الحمرة. هكذا في القدوري وقولهما أوسـع للناس وقول أبي حنيفة – رحمه الله – أحوط؛ لأن الأصل في باب الصلاة أن لا يثبت فيها ركن ولا شرط إلا بما فيه يقين. كذا في النهاية ناقلا عن الأسرار ومبسوط شيخ الإسلام.....واللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اعلم۔

محمد اویس
محمد اویس سیالکوٹی عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ دار العلوم کراچی
۱۲/ جمادی الثانیہ/ ۱۴۴۰ھ
۱۸/ فروری/ ۲۰۱۹ء

الجواب صحیح
بندہ محمود اشرف
مفتی جامعہ دار العلوم کراچی
۱۲/ جمادی الثانیہ/ ۱۴۴۰ھ
۱۸/ فروری/ ۲۰۱۹ء

دار الافتاء
فتویٰ نمبر ۸۸/۲۰۵۱
۱۴۴۰/۶/۱۳ھ
۲۰۱۹/۲/۱۹

الجواب صحیح
محمد یعقوب عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ دار العلوم کراچی
۱۳/ جمادی الثانیہ/ ۱۴۴۰ھ

الجواب صحیح
دار الافتاء جامعہ دار العلوم کراچی
۱۲/ جمادی الثانیہ/ ۱۴۴۰ھ

مفتی
دار العلوم کراچی

Scanned by CamScanner